**AQF / Fazil**

**28-02-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ..................................... ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج دلّی میں یوروپی کمیشن کی صدر **Ursula Von Der Leyen** کے ساتھ وفد سطح کی بات چیت کریں گے۔

2- خزانہ سکریٹری **Tuhin Kant Pandey** کو سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا **SEBI** کا نیا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔

3- آزمودہ کار اُڑیا اداکار اُتّم موہنتی کا انتقال ہوگیا ہے۔ وہ **66** برس کے تھے۔

4- نیپال میں، **6** اعشاریہ ایک شدت کا زلزلہ محسوس کیا گیا۔ بہار، مغربی بنگال اور سکّم کے علاقوں میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، چین کی درآمدات پر **10** فیصد اضافی محصولات عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔

6- اور جرمن اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں آج **Dhruv Kapila** اور تنیشا کراسٹو پر مشتمل بھارتی جوڑی کا مقابلہ آج **Gao Jia Xuan** اور **Wu Meng Ying** کی چینی جوڑی سے ہوگا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PREZ EU INDIA**

وزیر اعظم نریندر مودی آج دلّی میں یوروپی کمیشن کی صدر **Ursula Von Der Leyen** کے ساتھ وفد سطح کی بات چیت کریں گے۔ صدر **Ursula Von Der Leyen** یوروپی یونین کے **27** کمشنروں میں سے **22** کمشنروں کے ہمراہ بھارت کے دو روزہ دورے پر کل دلّی پہنچی ہیں۔ یوروپی یونین کے کالج آف کمشنروں کا یہ بھارت کا اب تک کا پہلا دورہ ہے۔ گزشتہ برس دسمبر میں عہدہ سنبھالنے کے بعد نئے کالج آف کمشنروں کا یوروپ کے باہر یہ پہلا دورہ ہے۔ اُن کے اس دورے سے بڑھتے ہوئے اشتراک اور تال میل پر مبنی دوطرفہ تعلقات کے مزید مستحکم ہونے کا امکان ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ۔ **V/C - Superna Saikia**

بھارت اور یورپ 2004 سے اسٹریٹیجک شراکت دار ہیں۔ بھارت اور یوروپ کے درمیان مختلف شعبوں میں باہمی تعلقات وسیع اور گہرے ہیں۔ بھارت اور یوروپ کے درمیان کثیر جہتی تعلقات ہیں۔ یہ تعلقات تجارت، سرمایہ کاری، آب و ہوا کی تبدیلی، سائنس اور ٹیکنالوجی سمیت متعدد شعبوں پر محیط ہیں۔ ساز و سامان میں یورپی یونین بھارت کا سب سے بڑا تجارتی ساجھے دار ہے۔گزشتہ ایک دہائی میں دو طرفہ تجارت میں 90 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ 2023-24 کے دوران یورپی یونین کے ساتھ ساز و سامان کی دو طرفہ تجارت 135 ارب ڈالر رہی۔ قابل تجدید توانائی اور ہائیڈروجن کے شعبے میں، بھارتی اور یورپی کمپنیوں کے درمیان وسیع صنعتی اشتراک و تعاون ہے۔ یورپی یونین نے شمسی توانائی پر بھارت کے اہم بین الاقوامی پہل، بین الاقوامی شمسی اتحاد میں شمولیت اختیار کی ہے۔

سُپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

## PM-JAHAN E KHUSRU

وزیر اعظم نریندر مودی آج شام دلّی میں واقع سُندر نرسری میں جہانِ خسرو 2025 فیسٹیول میں شرکت کریں گے۔ رومی فاؤنڈیشن کے ذریعے منعقدہ یہ فیسٹیول اس سال، 25 برس مکمل ہونے کا جشن منا رہا ہے۔ اس کا آغاز 2001 میں مشہور فلمساز اور فنکار مظفر علی نے کیا تھا۔ فیسٹیول کے دوران وزیر اعظم TEH بازار بھی جائیں گے۔ اس بازار میں 'ایک ضلع ایک پروڈکٹ' دستکاریوں اور ملک بھر کے مختلف اہم دستکاری نمونوں کو پیش کیا جائے گا۔×

## NATIONAL SCIENCE DAY

آج ملک بھر میں سائنس کا قومی دن منایا جارہا ہے۔ سائنس کا قومی دن ہر سال 28 فروری کو نامور ماہرطبعیات سَرسی وی رَمن کی جانب سے ''رَمن ایفکٹ'' کی دریافت کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ سَر رمن کو سال 1930 میں، اُن کی اس کھوج کیلئے نوبیل انعام سے نوازا گیا تھا۔ سائنس کے قومی دن کے موقع پر ملک بھر میں مختلف سائنسی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ آج سائنس کے قومی دن 2025 کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Bhanu

اِس سال کے سائنس کے قومی دن کا موضوع ہے : 'وکست بھارت میں سائنس اور اختراع کی عالمی قیادت کیلیے بھارتی نوجوانوں کو بااختیار بنانا'۔ اس دن کا مقصد سائنس اور اس کے استعمال کی اہمیت کے پیغام کو عوام تک پہنچانا ہے۔ اس کا مقصد بنی نوع انسان کی بہتری کیلیے سائنس کے شعبے میں کی گئی کاوشوں، حصولیابیوں اور سرگرمیوں کا مظاہرہ کرنا بھی ہے۔ ساتھ ہی سائنس کی ترقی کیلیے نئی

ٹیکنالوجیوں کے استعمال کا بھی اس دن مظاہرہ کیا جاتا ہے۔ مستقبل کے اپنے نظریئے کے تحت، حکومت اِنسپائر-مانک اسکیم کا دائرہ 11ویں اور 12ویں جماعت کے طلباء تک وسیع کرے گی، تاکہ تعلیم کے اِس اہم مرحلے میں زیادہ سے زیادہ نوجوان ذہن سائنسی اختراع کا حصہ بنیں۔ اِس پہل کے ذریعہ ملک کی سائنسی افرادی قوت اور تحقیق اور ترویج کی عالمی قیادت کو تقویت ملنے کی امید ہے۔

دلّی سے بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

## TELANGANA VIGNAN VAIBHAV

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ سائنس کے قومی دن کے موقع پر آج منعقد کی جا رہی دفاعی اور ایرونوٹیکل نمائش Vignan Vaibhav کا افتتاح کریں گے۔ حیدرآباد کے وسیع و عریض گچّی باؤلی اسٹیڈیم میں حال ہی میں تجربہ کیے گئے ہائپر سونِک میزائل، طاقتور جنگی ٹینک ارجن، ڈرونز اور راڈارز سمیت بھارت کی دفاعی صلاحیت کو اس نمائش میں اُجاگر کیا جائے گا۔ یہ نمائش آج سے 2 مارچ تک جاری رہے گی۔×

## DELHI CAG REPORT

دلّی سرکار آج دلّی اسمبلی میں، عام آدمی پارٹی کی سابقہ سرکار سے متعلق کمپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل آف انڈیا CAG کی ایک اور رپورٹ پیش کرے گی۔ یہ رپورٹ صحتِ عامہ کے بنیادی ڈھانچے اور صحت خدمات کے بندوست سے متعلق ہے۔ وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا اسمبلی میں رپورٹ کی کاپی پیش کریں گی۔ تین دن پہلے AAP سرکار کی شراب پالیسی سے متعلق CAG کی رپورٹ اسمبلی میں پیش کی گئی تھی، جس میں، تھوک اور خوردہ فروشوں، ہوٹلوں، کلبوں اور ریستوراں کو لائسنس فراہم کرنے میں متعدد خلاف ورزیوں کا انکشاف کیا گیا تھا۔×

## SEBI NEW CHAIRMAN

خزانہ سکریٹری Tuhin Kanta Pandey کو 3 سال کی مدّت کے لیے سکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا SEBI کا نیا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔ وہ Madhabi Puri Buch کی جگہ لیں گے۔ کابینہ کی تقرریوں سے متعلق کمیٹی نے SEBI کے نئے چیئرمین کے طور پر جناب Tuhin Kanta Pandey کی تقرری کی منظوری دی ہے۔ ×

## ODIA ACTOR DIES

آزمودہ کار اُڑیا فلم اسٹار اُتّم موہنتی کا کل رات گروگرام کے ایک اسپتال میں انتقال ہوگیا۔ وہ 66 برس کے تھے۔

وہ اسپتال میں جگر کی بیماری کے لیے زیر علاج تھے۔ اُڑیا فلم انڈسٹری کی ایک مشہور شخصیت، اُتّم موہنتی نے **130** سے زیادہ اُڑیا فلموں میں کام کیا۔ انہوں نے علاقائی سنیما پر انمٹ نقوش چھوڑے۔ اُڑیا فلموں کے علاوہ انہوں نے **30** بنگالی فلموں اور ہندی فلم نیا زہر میں بھی شاندار اداکاری کے جوہر دکھائے۔ اُنہیں مختلف قسم کے کردار نبھانے کے لیے جانا جاتا ہے۔

اُتّم موہنتی کے انتقال سے اُڑیا سنیما کے ایک دور کا اختتام ہوگیا، جہاں ان کی فطری اداکاری کے انداز اور زبردست پرفارمنس کے لیے انہیں کافی سراہا گیا۔اوڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی نے ان کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اُتّم موہنتی کو ان کی شاندار اداکاری کے لیے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ مرکزی وزراء، جوال اورم، دھرمیندر پردھان اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی کئی دیگر اہم شخصیات نے بھی اُتّم کے انتقال پر دُکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔×

**TELANGANA-TUNNEL**

تلنگانہ میں بچاؤ ٹیموں نے بورنگ مشین کے پرزوں کو کاٹنے کا کام شروع کردیا ہے اور **Srisailam Left Bank Canal** میں پھنسے آٹھ افراد تک رسائی میں آنے والی رکاوٹوں کو دور کیا جارہا ہے۔ ساؤتھ سینٹرل ریلوے کے پلازما کٹر، بچاؤ کے کاموں میں رکاوٹ بن رہے اسٹیل اور لوہے کے ملبے کو صاف کرنے کی کارروائی انجام دے رہے ہیں۔

ایک رپورٹ۔ **V-C Lakshmi**

*SLBC ٹنل میں پانی نکالنے اور گاد ہٹانے کے کام کے دوران کیچڑ کے ڈھیر نکل رہے ہیں، جہاں پھنسے 8 کارکنوں کو بچانے کیلئے ملٹی ایجنسی رسکیو مشن جاری ہے۔ بچاؤ ٹیمیں حادثے کے 6 دن بعد بھی پھنسے ہوئے کارکنان سے رابطہ قائم نہیں کرپائی ہیں۔ آبپاشی کے ریاستی وزیر اُتم کمار ریڈی نے بتایا کہ بچاؤ کارروائی تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کثیر ایجنسی کارروائی کے دوران جدید آلات اور مہارتوں کا استعمال کیا جارہا ہے اور یہ کام دو سے تین دن میں مکمل کرلیا جائے گا۔ بھارتی فوج اور آفات کے بندوبست سے متعلق ماہرین پر مبنی 11 ٹیمیں اس کام میں مصروف ہیں۔*

*حیدرآباد سے لکشمی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**BIHAR TREMORS**

نیپال میں، کل دیر رات ریختر پیمانے پر **6** اعشاریہ ایک شدّت کا زلزلہ محسوس کیا گیا۔ یہ زلزلہ بھارتی وقت کے

مطابق رات 2 بجکر 36 منٹ پر آیا۔ زلزلے کی نگرانی اور تحقیق سے متعلق قومی مرکز نے کہا ہے کہ زلزلے کا مرکز راجدھانی کاٹھمنڈو کے مشرق میں تقریباً 65 کلو میٹر دور سندھو پل چوک ضلعے میں بھیروا کُنڈ میں تھا۔ زلزلے سے کسی جانی اور مالی نقصان کی اطلاع نہیں ہے۔ بہار، مغربی بنگال اور سکّم کے مختلف علاقوں میں بھی رات 2 بجکر 37 منٹ پر زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ بہار میں دربھنگا، سمستی پور، سارن اور آس پاس کے علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔×

## US-NEW TARRIF

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چین کی درآمدات پر 10 فیصد اضافی محصول عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وہیں صدر ٹرمپ نے منگل کے روز سے کینیڈا اور میکسیکو پر بھی اضافی محصول عائد کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا ہے۔ چین کی درآمدات پر پہلے ہی اس مہینے کی شروعات سے 10 فیصد ٹیکس عائد ہے۔ کل رات صدر ٹرمپ نے کینیڈا اور میکسیکو پر بھی 25 فیصد محصولات عائد کئے جانے کی تصدیق کی، جو 4 مارچ سے نافذ ہوگا۔ صدر ٹرمپ کی جانب سے یہ اعلان ایسے وقت میں ہوا ہے، جب میکسیکو اور کینیڈا کے حکام، اِن اضافی محصولات سے بچنے پر تبادلہ خیال کیلئے واشنگٹن میں ہیں۔صدر ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ میں Fentanyl کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے کئے گئے اقدامات ناکافی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منشیات چین میں تیار کی جاتی ہیں اور کینیڈا اور میکسیکو کے راستے امریکہ میں داخل ہوتی ہیں۔

## NADDA ODISHA VISIT

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جے پی نڈّا اُڈیشہ کے دو روزہ دورے پر کل شام بھوبنیشور پہنچے۔ آج وہ بھارت میں صحتِ عامہ کے نظام میں بہتری، قابلِ عمل اور اختراع سے متعلق نویں قومی چوٹی میٹنگ کا افتتاح کریں گے۔ اس کے علاوہ وہ پُوری میں 16 ویں مشترکہ جائزہ کمیشن کی رپورٹ بھی جاری کریں گے۔ اس چوٹی میٹنگ کا انعقاد قومی صحت مشن کے ذریعے کیا جا رہا ہے۔ اس افتتاحی تقریب میں اُڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی، ریاستی وزیر صحت ڈاکٹر مُکیش مہالِنگ اور مختلف ریاستوں کے صحت سکریٹریز شرکت کریں گے۔ چوٹی میٹنگ کے بعد جناب نڈّا پوری میں سری جگناتھ مندر جائیں گے۔ اس کے علاوہ وہ اُڈیشہ میں پارٹی سے متعلق معاملات پر تبادلۂ خیال کرنے کے لیے آج سہ پہر بھوبنیشور میں بی جے پی لیڈروں اور کارکنوں کے ساتھ میٹنگ بھی کریں گے۔×

## UTTARKHAND-WEATHER

اتراکھنڈ کے میدانی علاقوں میں بارش اور پہاڑی خطوں میں تازہ برفباری کی وجہ سے ریاست میں درجہ حرارت میں کمی واقع ہوئی ہے۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ محکمہ موسمیات نے آج ریاست کے مختلف حصوں میں شدید بارش اور

برفباری سے متعلق اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Sakshi Singh**

اتراکھنڈ کے مختلف حصوں میں کل رات سے لگاتار بارش اور چار دھام سمیت ریاست کے بالائی علاقوں میں تازہ برفباری ہورہی ہے۔ اس سے درجہ حرارت میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی ہے اور سرد لہر کی شدت میں اضافہ ہوگیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ آج دن بھر بارش جاری رہے گی۔ ساتھ ہی اُترا کاشی، چمولی، رُدر پریاگ، ٹہری، پتھوڑا گڑھ اور باگیشور کے بالائی خطوں میں شدید برفباری کا امکان ہے۔ اس دوران محکمہ موسمیات نے دہرا دون اور ریاست کے دیگر حصوں میں شدید بارش اور اولے گرنے کے سے متعلق الرٹ جاری کیا ہے۔

دہرا دون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

## J&K RAIN

جموں و کشمیر میں، جموں خطّے میں کل بارش، مٹّی کے تودے کھسکنے اور اچانک سیلاب کے سبب پُنچھ ضلع میں 3 افراد کے ہلاک ہونے، جبکہ 3 افراد کے **Suran** دریا میں بہہ جانے کا اندیشہ ہے۔ رِیاسی ضلع میں ایک نالے میں اچانک سیلاب آنے سے ایک نوجوان ڈوب گیا۔ سامبا ضلع میں بجلی گرنے سے ایک مندر کو بھی نقصان پہنچا۔ کل شام مٹّی کے تودے کھسکنے کی وجہ سے اہم جموں-سری نگر قومی شاہراہ بند کر دی گئی۔ اسی طرح رام بَن سیکٹر میں متعدد مقامات پر چٹّان کھسکنے کے بھی واقعات پیش آئے۔ کشتواڑ، ڈوڈہ، رام بَن، پُنچھ اور رِیاسی کے بالائی علاقوں سے شدید برفباری کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔ دن بھر جموں خطّے میں بارش جاری رہی، جس کی وجہ سے معمول کی زندگی متاثر ہوئی۔×

## GERMAN OPEN BADMINTON

جرمن اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں **Dhruv Kapila** اور **Tanisha Crasto** پر مشتمل بھارت کی مکسڈ ڈبلز جوڑی کا سامنا آج کوارٹر فائنل میں چین کے **Gao Jia Xuan** اور **Wu Meng Ying** کی جوڑی سے ہوگا۔ اس سے پہلے مکسڈ ڈبلز کی بھارتی جوڑی نے جرمنی کے **Jones Ralfy Jansen** اور **Thuc Phuong Nguyen** کی جوڑی کو اکیس-دس اور اکیس-اُنیس سے ہرادیا۔ وہیں مردوں کے سنگلز مقابلے میں عالمی نمبر 59 **Tharun Mannepalli** نے کینیڈا کے **Brian Yang** کو شکست دی۔ آج رات **Mannepalli** کا مقابلہ فرانس کے **C.Popov** سے ہوگا۔

اِدھر خواتین کے سنگلز مقابلوں میں بھارت کی **Rakshitha** رام راج اور اُنّتی ہوڈا اپنے اپنے میچ جیت کر کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ **Rakshitha** نے ہانگ کانگ کی **Lo Sin Yan** کو اکیس-سترہ اور اکیس-گیارہ سے ہرایا۔

Rakshitha کا مقابلہ اب ڈنمارک کی M.Blichfeldt سے ہوگا۔ وہیں اُنتی نے جاپان کی Asuka Takahashi کو اکیس-تیرہ اور اکیس-اُنیس سے شکست دی۔ اُنتی کا مقابلہ اب جاپان کی R.Gunji سے ہوگا۔×

## CHAMPIONS TROPHY

مردوں کے ICC چمپئنز ٹرافی میں آج دوپہر افغانستان کا مقابلہ آسٹریلیا سے ہوگا۔ یہ میچ لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ڈھائی بجے سے شروع ہوگا۔ اس سے پہلے کل میزبان پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جانے والا میچ لگاتار بارش کی وجہ سے منسوخ کرنا پڑا۔ اس طرح 29 سال میں پہلی بار ICC ٹورنامنٹ کی میزبانی کررہے پاکستان کی مہم، بغیر کسی جیت کے ختم ہوگئی۔×

## FOOTBALL-ISL

انڈین سُپر لیگ، ISL فٹبال میں FC گوا نے پنجاب FC کو ایک-صفر سے ہرادیا۔ نئی دلّی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں کل کھیلے گئے میچ میں McHugh کے واحد گول کی بدولت، FC گوا، اپنا 22 واں میچ جیت کر 45 پوائنٹس حاصل کرچکا ہے۔ اس جیت کے ساتھ ہی FC گوا دوسرے مقام پر رہا۔ اس طرح FC گوا، 8 پوائنٹس کی برتری کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہے بینگلورو FC اور چوتھی نمبر پر رہے جمشیدپور FC سے آگے ہے۔ حالانکہ دونوں ٹیمیں ابھی تین میچ کھیلیں گی۔ پنجاب FC، 22 مقابلوں میں 24 پوائنٹس کے ساتھ گیارہویں مقام پر ہے۔

FC گوا کا اگلا مقابلہ 4 مارچ کو محمڈن SC سے ہوگا۔ وہیں پنجاب FC، 6 مارچ کو حیدرآباد FC کا سامنا کریگا۔×

## WPL-CRICKET

خواتین کے ٹی-ٹوینٹی پریمئر لیگ، WPL کرکٹ میں گجرات جائنٹس نے رائل چیلنجرس بینگلورو کو 6 وکٹ سے ہرادیا۔
کل رات بینگلورو کے ایم چناسوامی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں بینگلور نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ کے نقصان پر 125 رن بنائے۔ جواب میں گجرات جائنٹس نے محض 16 ویں اوور میں 4 وکٹ کھوکر یہ نشانہ حاصل کرلیا۔ گجرات جائنٹس کی کپتان Ashleigh Garner نے صرف 31 گیندوں میں شاندار 58 رن بنائے۔ اس سے پہلے گجرات نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔×

## CHESS-BORIS SPASSKY

شطرنج کے دسویں عالمی چمپئن Boris Spassky، کل رات ماسکو میں انتقال کر گئے۔ وہ 88 برس کے تھے۔ سوویت

گرینڈ ماسٹر کو امریکی کھلاڑی **Bobby Fischer** کے ساتھ سال **1972** کے میچ کی وجہ سے یاد رکھا جائے گا، جسے مشرق اور مغرب کے بیچ کی محاذ آرائی سے تعبیر کیا گیا تھا۔ بعد میں اسے ’صدی کے مقابلے‘ کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کلیم احمد

شکریہ -ضمیر رضوی

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے مہاکمبھ ختم ہونے کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے لکھے گئے بلاگ کے حوالے سے صفحہ اول پر سرخی لگائی ہے، اتحاد کا مہاکمبھ، ایک دور کی تبدیلی کی آہٹ، وزیر اعظم نے کہا کہ مہاکمبھ نے وکست بھارت کا پیغام دیا ہے اور ملک کو اپنی وراثت پر فخر ہے۔ روزنامہ ملاپ نے وزارت دفاع کے ششماہی ہندی رسالے سشکت بھارت کے پہلے ایڈیشن کے اجرا سے متعلق خبر کو نمایاں کرتے ہوئے لکھا ہے، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے سشکت بھارت کا اجراء کیا، اِس میگزین کا ای-ورژن وزارت دفاع کی سرکاری ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے اے آئی کے دور میں میڈیا کی تبدیلی کے موضوع پر نئی دہلی میں منعقدہ کانکلیو میں اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو کے حوالے سے لکھا ہے کہ وقت کے ساتھ تبدیلی ہو، تو سرکار میڈیا کی مدد کرنے کیلئے تیار ہے۔ اس کانکلیو میں ڈیجیٹل نیوز میڈیا کے مستقبل، ابھرتے ہوئے مواقع اور اے آئی کی طرف سے درپیش چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ روزنامہ انقلاب نے اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی معاہدے کے تحت قیدیوں کے تبادلے سے متعلق لکھا ہے کہ اسرائیلی جیلوں سے **642** فلسطینی قیدی رہا، اشکبار آنکھوں سے اپنوں نے والہانہ استقبال کیا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج دلّی میں یوروپی کمیشن کی صدر **Ursula Von Der Leyen** کے ساتھ وفد سطح کی بات چیت کریں گے۔

2- خزانہ سکریٹری **Tuhin Kant Pandey** کو سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا **SEBI** کا نیا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔

3- آزمودہ کار اُڑیا اداکار اُتّم موہنتی کا انتقال ہوگیا ہے۔ وہ **66** برس کے تھے۔

4- نیپال میں، 6 اعشاریہ ایک شدت کا زلزلہ محسوس کیا گیا۔ بہار، مغربی بنگال اور سکّم کے علاقوں میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، چین کی درآمدات پر 10 فیصد اضافی محصولات عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔

6- اور جرمن اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں آج Dhruv Kapila اور تنیشا کراسٹو پر مشتمل بھارتی جوڑی کا مقابلہ آج Gao Jia Xuan اور Wu Meng Ying کی چینی جوڑی سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------